Hounslow Homes
Managing quality homes for Hounslow

# کسی گھر کیلئے پہلی مرتبہ یا ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونے کیلئے کیسے درخواست دی جاسکتی ہے

## تعارف

اِس کتابچے میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ، اگر آپ اپنی رہائش کیلئے پہلی مرتبہ گھر حاصل کرنے کی درخواست دیں، تو اُس صُورت میں آپ کو کیا کرنا ہوگا۔ اِس میں یہ بات بھی بیان کی گئی ہے کہ اگر آپ پہلے ہی سے کونسل یا ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے گھر میں رہ رہے ہیں، اور وہاں سے کسی اور جگہ منتقل ہونا چاہتے ہیں، تو تب کیا کرنا ہوگا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتابچہ جس گھر کی آپ کو ضرورت ہے، جلد از جلد حاصل کرنے میں مدد کرے گا۔

## اِس کتابچے کو کیسے استعمال کرنا ہے

براہِ کرم اِس کتابچے کی عام رہنما معلومات کو پڑھیئے، کہ آپ کو گھر کیلئے کیسے درخواست دینا ہوگی۔ مزید معلومات آپ ہاؤنسلو ہومز میں اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے فون کے ذریعے یا ہماری ویب سائٹ www.hounslowhomes.org.uk پر رابطہ کر کے لے سکتے ہیں۔

## لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو/ ہاؤنسلو ہومز کے کردار

ہاؤنسلو ہومز لمیٹڈ کی بنیاد اِس ملک میں 2002 ایک فرسٹ آرمز لینتھ مینیجمنٹ آرگنائزیشنز کی حیثیت سے رکھی گئی تھی۔ ہاؤنسلو ہومز کی ذمہ داری لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو کے سپرد ہے، اور یہ کونسل کے ہاؤسنگ سٹاک کے انتظامات کو بھی چلاتے ہیں۔

اِس کتابچے میں فارموں کے متعلق دی گئی تمام تر تفصیلات، آپ ہاؤنسلو ہومز کی ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں، ویب سائٹ کا ایڈریس یہ ہے، www.hounslowhomes.org.uk

ایک سوشل لینڈ لارڈ (سماجی حیثیت سے مالک مکان) ہونے کی ناطے لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو، ہاؤنسلو کے علاقے میں موجود کونسل کے تمام مکانات کی ملکیت کی ذمہ داری، اور ہر قسم کی الاٹمنٹ کے انتظامات کو نبھاتے رہیں گے۔ لیکن روزمرہ کے انتظامی امور کی تمام تر ذمہ داری ہاؤنسلو ہومز کے سپرد ہوگی، جو کہ کونسل کیلئے کام کرنے والی ایک کمپنی ہے۔

## آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے

### درخواست فارمز

اگر آپ ایک مکان سے دوسرے مکان میں منتقل ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو ایک درخواست فارم پُر کرنے کی ضرورت ہوگی۔

## ایک مکان سے دوسرے مکان میں منتقل ہونا

اگر آپ کونسل کے کرایہ دار ہیں، تو اُس صُورت میں آپ کو ہاؤنسلو ہومز کے مکان کی منتقلی کے فارم کو پُر کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ یہ فارم اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے، یا اپنے علاقے کے جنرل انکواری نمبر پر فون کر حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم سے رابطہ کرنے کے دو دِن کے بعد آپ کو یہ فارم مِل جاتا ہے۔

ٹرانسفر فارمز (منتقلی کے فارم) جہاں آپ رہتے ہوں اُس علاقے کے ہاؤنسلو ہومز کے قریبی ہاؤسنگ آفس کو پُر کر کے بھیجنے ہوں گے، اِن دفاتر کی فہرست صفحہ نمبر 13 پر دی گئی ہے۔ آپ ہماری ویب سائٹ سے بھی یہ فارم حاصل کر سکتے ہیں، ایڈریس یہ ہے،

www.hounslowhomes.org.uk

اور اِسے آپ اپنے مقامی ہاؤنسلو ہومز کے ہاؤسنگ آفس کو پُر کرنے کے بعد دستخط کر کے بھیج دیں۔

## پہلی مرتبہ گھر کیلئے درخواست دینا

### پرائیویٹ سیکٹر کے درخواست دہندہ

اگر آپ پرائیویٹ مالک مکان کے گھر میں کرایہ پر رہ رہے ہیں، یا آپ اپنے والدین یا کسی اور رشتہ دار کے ساتھ رہتے ہیں (بے شک اُنہوں نے یہ مکان کونسل کی طرف سے کرایہ پر لیا ہو)، پھر بھی آپ کو فارم پُر کرنے کی ضرورت ہے

کونسل کا ''ری ہاؤسنگ یونٹ''، پرائیویٹ سیکٹر کے فارموں کو نپٹاتا ہے۔ فارم حاصل کرنے کیلئے ''ری ہاؤسنگ یونٹ'' کو اِس نمبر 020 8583 3814 پر فون کریں۔

### ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے کرایہ دار

اگر آپ ''ہاؤسنگ ایسوسی ایشن''، ''کوآپ''، یا ''ٹرسٹ'' کے کرایہ دار ہیں، تو آپ کو ایک درخواست فارم پُر کرنے کی ضرورت ہے۔ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے درخواست فارم آپ کو لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو کے ''ری ہاؤسنگ یونٹ'' مل سکتے ہیں۔ جب آپ فارم پُر کرلیں گے، تو ذاتی طور پر آپ ڈاک کے ذریعے واپس بھیج دیں۔ کونسل کے گھر حاصل کرنے کی نئی درخواست فارم پُر کر کے آپ کو ''ری ہاؤسنگ یونٹ'' میں واپس بھیجنے ہوں گے، پتہ یہ ہے:

دی سیوک سینٹر، لمپٹن روڈ، ہاؤنسلو، TW3 4DN

The Civic Centre, Lampton Road,
Hounslow, TW3 4DN

## اپنے درخواست فارم کو پُر کرنا

یہ بہت ضروری ہے کہ فارم میں پوچھے گئے تمام سوالات کا آپ جواب دیں۔ ہمیں آپ کی طرف سے زیادہ سے زیادہ معلومات کی ضرورت ہے، تاکہ ہم آپ کے حالات اور واقعات کو مدِنظر رکھتے ہوئے آپ کی درخواست کا جائزہ لے کر آپ کو مناسب / درست ''بینڈ'' میں رکھ سکیں۔ آپ کی مدد کیلئے فارم میں رہنما پوائنٹس (نقاط) بیان کئے گئے ہیں۔

اگر آپ کو فارم پُر کرنے میں کسی مشکل کا سامنا ہے، تو براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں، ہم کوشش کریں گے کہ ٹیلیفون کے ذریعے ہی اِس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکیں۔

لیکن اگر ہم ایسا نہ کر سکے، تو ہم اِس بات کا انتظام کریں گے کہ آپ ہمارے دفتر میں آ کر مدد لے سکیں۔ بعض کیسوں کی صُورت میں اِس کیلیئے ہم آپ کے گھر پر بھی آ سکتے ہیں۔ اگر کسی قسم کے انٹرویو یا آپ سے گھر پر ملنے کی ضرورت پڑی، تو ہم آپ کے رابطہ کرنے کے 10 دِنوں کے اندر اندر آپ سے آ کر ملاقات کریں گے۔

## آپ کے فارم کے متعلق مزید کاروائی کرنا

جب ہم آپ کا فارم وصول کرتے ہیں، تو اُس پر وصول کی تاریخ کے ساتھ مہر لگاتے ہیں، تا کہ یہ پتہ چل سکے کہ کون سی تاریخ کو آپ کا فارم موصول ہوا ہے۔ ہم یہ مہر اُس دن لگاتے ہیں، جس دن یہ فارم ہمارے دفتر میں موصول ہوتا ہے، اور اِس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ کون سی تاریخ کو آپ کا فارم رجسٹرڈ (اندراج ہونا) ہوا ہے۔ یہ کسی کیلیئے ''ری ہاؤسنگ'' کی درخواست کی منظوری کا ریکارڈ بھی ہوتا ہے۔

اِس کے بعد ہم آپ کی طرف سے مہیا کردہ معلومات کی جانچ پڑتال کرتے ہیں۔ اگر آپ نے کوئی معلومات درج نہ کی ہوں، یا ہمیں آپ کی طرف سے مزید معلومات کی ضرورت ہو، تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔ اِس مقصد کو حاصل کرنے کیلیئے ہماری مدد کرتے ہوئے آپ اپنی درخواست فارم کے ساتھ اپنے رابطے کا ٹیلیفون نمبر ضرور لکھیں۔

اگر ہم آپ کے فارم کا اندراج نہیں کریں گے، تو ہم آپ کو فارم وصول ہونے کے دس دِن کے اندر اندر اِس کی وجہ تحریری طور پر تفصیل سے بیان کریں گے۔

جب ہم وُہ تمام معلومات حاصل کر لیں گے، جن کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے، تو اُس کے بعد پانچ دن کے اندر اندر آپ کی مہیا کردہ معلومات ہم اپنے کمپیوٹر پر درج کر لیں گے۔

جب ایک مرتبہ آپ کی معلومات ہم اپنے ڈیٹا بیس (آپ کی معلومات کا ریکارڈ) میں درج کر لیں گے، تو اُن تمام معلومات کو ایک محفوظ لنک کے ذریعے ''لوکاٹا'' (Locata) کے دفتر میں منتقل کر دیا جائے گا۔ آپ لوکاٹا سکیم کے رکن بن جائیں گے۔

آپ کیلیئے حقِ انتخاب کا انحصار ''لیٹنگ سکیم'' (کرایہ داری کی سکیم) پر ہوتا ہے۔ اور پھر اِس کے بعد آپ ایک معلوماتی پیک وصول کریں گے۔ دیکھیئے صفحہ نمبر 7 **''لوکاٹا کا رکن ہونے کی حیثیت سے''**۔

## طبّی/صحت کے حوالے سے آپ کا جائزہ لیا جانا

اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کی رہائشی صُورتِ حال یعنی آپ کا گھر آپ کی صحت/طبّی حالت کا موجب بنا ہوا ہے، یا اِس وجہ سے آپ کے گھر میں رہنے والوں کی طبّی حالت مزید بگڑ رہی ہے، اِن میں ''ری ہاؤسنگ'' کے درخواست دہندہ بھی شامل ہیں، تو براہِ کرم ہمیں اِس بارے میں ضرور بتائیں، تا کہ ہم یہ جان سکیں کہ آپ کو منتقل کرنے کی اہمیت کی کس حد تک ضرورت ہے۔ جب آپ ہمیں یہ بتائیں گے کہ آپ کو کوئی طبّی/میڈیکل کا کوئی مسئلہ درپیش ہے، تو ہم آپ کو پانچ دن کے اندر اندر میڈیکل سلف اسیسمنٹ فارم (آپ کے طبّی جائزے کا فارم) بھیج دیں گے۔

ہم آپ کی درخواست یا ٹرانسفر فارم کے حوالے سے اپنی مزید کاروائی کو جاری رکھیں گے اور اِس دوران آپ کے میڈیکل فارم کا انتظار بھی کریں گے۔

آپ یہ کام میڈیکل سلف اسیسمنٹ فارم کو پُر کر کے کر سکتے ہیں۔ اِس فارم میں آپ نے ہمیں زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنا ہونگی کہ آپ کون کون سی اور کتنی مقدار میں دوائیاں استعمال کر رہے ہیں، اور کیا آپ کو اپنے علاج کیلیئے ہسپتال بھی جانا پڑتا ہے۔

آپ کو اپنے فارم کے ساتھ اضافی حمایت/ مدد کیلیئے ڈاکٹر کا سرٹیفیکیٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر آپ نے اِس سلسلے میں کوئی ڈاکٹری سرٹیفیکیٹ حاصل کر رکھا ہے، تو اپنے جائزیاتی فارم کے ساتھ اِسے منسلک کر کے ہمیں بھیج دیں۔

اگر ہمیں آپ کے ڈاکٹر یا ہسپتال کی طرف سے مزید معلومات درکار ہوئیں، تو ہم آپ کو اِس کے بارے میں بتائیں گے۔

براہِ کرم جب آپ فارم حاصل کریں، یا پُر کریں، تو یہ پوری طرح مکمل ہو، اور اگر آپ کرایہ دار ہیں، تو آپ اپنا فارم مکمل کر کے ہاؤنسلو ہومز کے ہاؤسنگ آفس میں واپس بھیجیں، لیکن اگر آپ گھر کی تلاش کر رہے ہیں، تو اپنا فارم مکمل کر کے ''ری ہاؤسنگ یونٹ'' یا ''ہوم لس پرسن یونٹ'' لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو کو واپس بھیجیں۔ جب ہم آپ کا میڈیکل فارم وصول کریں گے، تو ہم اُس پر تاریخ کے ساتھ مہر بھی لگائیں گے۔ یہ مہر ہم اپنے دفاتر میں اُسی دن لگاتے ہیں جس دن ہم اِسے وصول کرتے ہیں۔

ہم آپ کی میڈیکل شہادت پر غور کرتے ہیں، اور اگر یہ ضروری ہو، تو کسی ڈاکٹر یا آکوپیشنل تھیراپسٹ سے مہارانہ رائے حاصل کرتے ہیں۔ جب آپ کی میڈیکل/طبّی معلومات وصول ہوں گی، تو اُس کے بعد 20 دفتری دنوں کے اندر اندر ہم آپ کو خط لکھ کر اِس کے نتیجے کے بارے میں آگاہ کریں گے۔

اگر کوئی سفارشات موصول ہوئیں، تو ہم اپنے ''ڈیٹا بیس'' پر بھی اُس کے مطابق تبدیلی کر لیں گے، یہ کام سفارشات موصول ہونے کے پانچ دن کے اندر اندر مکمل کر لیا جائے گا۔

## ہمارے فیصلے کے خلاف آپ کا اپیل کرنے حق

اگر آپ ہمارے فیصلے کو نہیں مانتے، تو آپ اِس کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ گھر تلاش کرنے والوں میں سے ہیں، تو آپ ''ری ہاؤسنگ مینیجر'' یا ''ہوم لس پرسن مینیجر'' کو سیوک سنیٹر، لیمپٹن روڈ، ہاؤنسلو، TW3 4DN کو خط لکھیں،

TThe Civic Centre, Lampton Road,
Hounslow, TW3 4DN

اور کرایہ داروں کو آپریشنل مینیجر، ہاؤنسلو ہومز، سینٹ کتھریز ہاؤس، 2 ہینورتھ روڈ، فلتھم TW13 5AB

Oprational Manager, Hounslow Homes,
St Catherine's House, 2 Hanworth
Feltham TW13 5ABRoad,

کو خط لکھنے کی ضرورت ہے۔

آپ کو ہمیں زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، تا کہ ہم آپ کی اپیل پر غور کر سکیں۔ آپ کی اپیل کے وصول ہونے کے دس دن کے اندر اندر ہم ایسا کرتے ہیں، اور پھر آپ کو اپیل کے فیصلے اور اُس فیصلے کی وجہ تحریری طور پر لکھ کر آگاہ کرتے ہیں۔

اگر آپ ہمارے فیصلے سے خوش نہیں ہونگے، تو پھر آپ ہاؤنسلو ہومز یا لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو کے کسٹمر کمپلینٹس آفیسر کو خط لکھ سکتے ہیں۔

## میڈیکل/طبّی جائزے کے فیصلے کے خلاف آپ کا اپیل کرنے حق

اگر آپ ہمارے میڈیکل/طبّی جائزے سے خوش نہیں ہونگے، تو آپ کو اپیل فارم کے بارے میں پوچھنے کی ضرورت ہوگی، یا دوسرے صُورت میں آپ یہ اپیل فارم اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس یا سیوک سنیٹر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کو اپیل فارم 48 گھنٹوں کے اندر اندر بھیج دیں گے۔

آپ کو اپیل فارم مکمل طور پر پُر کرنے کی ضرورت ہوگی، جس میں آپ کو اپیل کرنے کی وجوہات کو تفصیلاً بیان کرنا ہوگا، ایسا کرنے کے بعد آپ یہ فارم ہمیں واپس بھیج دیں۔ آپ کو اپیل کرنے کیلئے اپنے ڈاکٹر حمایت/ مدد لینے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ جب ہمیں یہ فارم وصول ہوگا، تو اِس پر ہم تاریخ کی مہر لگا دیں گے، اور ایسا ہم اُسی دن کریں گے، جس دن ہمیں یہ فارم موصول ہوگا۔

پھر ہم آپ کی معلومات کو آپ کے اپیل فارم اور میڈیکل فارم کے حوالے سے دیکھیں گے، جو کہ آپ نے ہمیں مزید غور کرنے کیلئے پہلے ہی سے بھیجے ہونگے۔ آپ کی اپیل کا نتیجہ 20 دفتری دنوں کے اندر اندر آپ کو بتا دیا جائے گا۔

اپیل کا فیصلہ ہونے کے پانچ دن کے اندر اندر اگر کوئی سفارشات موصول ہوئیں اور اگر فیصلے پر اُن کا کوئی اثر ہوا، تو ہم آپ کے ریکارڈ کو موجودہ صُورتِ حال کے مطابق کر دیں گے

## لوکاٹا - حقِ انتخاب کی بنیاد پر کام کرنے والی لیٹنگ سکیم (کرایہ داری کی سکیم)

لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو نے چار دوسری قرب وجوار کی کونسلوں اور بہت سی ہاؤسنگ ایسوسی ایشنوں کے ساتھ مل کر ''لوکاٹا'' حقِ انتخاب پر مبنی کرایہ داری کی سکیم کی بنیاد رکھی ہے۔

جب آپ اپنا درخواست فارم مکمل کر کے ہمیں واپس بھیج دیں گے، تو آپ ''لوکاٹا'' کے رکن بن جائیں گے، اِس کے بعد ہم آپ کو ایک خط لکھیں گے۔ اِس خط میں آپ کو یہ بتایا جائے کہ آپ کون سے ''بینڈ'' میں آتے ہیں، اور کتنے کمروں کے مکان کیلئے بِڈ (بولی لگانا/پیشکش لگانا) کر سکیں گے اور اس کے ساتھ ہم آپ کو کچھ کو پن بھی بھیجیں گے۔

### لوکاٹا - حقِ انتخاب پر مبنی کرایہ داری کی سکیم

اِس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کسی خالی مکان کیلئے ''بِڈ'' کر سکتے ہیں، بجائے کہ آپ اِس بات کا انتظار کریں کہ کونسل والے آپ کیلئے کوئی مکان تلاش کریں۔

اگر آپ کونسل کے مکان میں کرایہ پر رہتے ہیں، پرائیویٹ طور پر مکان کرایہ پر لے رکھا ہے، یا آپ بے گھر ہیں، جب آپ کونسل کے گھر کیلئے درخواست دیں، یا کسی دوسرے مکان میں منتقل ہونا چاہتے ہیں، تو آپ ''لوکاٹا'' کے رکن بن سکتے ہیں،

''لوکاٹا'' کے ممبران کو ہم چار ''بینڈ'' میں رکھتے ہیں، جو کہ A سے لے کر D تک ہیں، اور لوگوں کی رہائشی ضرورتوں اور متعلقہ ''بینڈ'' میں تاریخ کے حساب سے ترتیب دیے جاتے ہیں۔

''لوکاٹا'' کی سکیم آپ کو گھر کے انتخاب میں زیادہ آسانی فراہم کرتی ہے، یہ بھی کہ آپ کس طرح کے گھر میں رہنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہمارے پاس گھروں کی فراہمی کی قلت بہت بڑا مسئلہ ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو گھر حاصل کرنے کیلئے ایک لمبے انتظار کی ضرورت ہے۔

بعض صُورتوں میں آپ کونسل کا گھر دوبارہ حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔

اگر ایسی بات ہو، تو اُس صُورت میں ہم آپ کو چند تجاویز دیتے ہیں، جو کہ آپ کو نیا گھر حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں، اُس کیلئے دیکھیئے صفحہ نمبر 11 '' نئے گھر میں منتقل ہونے کیلئے کچھ دوسرے حقِ انتخاب''

## کیا آپ لوکاٹا کی سکیم میں حصّہ لینے کے اہل ہیں؟

آپ لوکاٹا کی سکیم میں رکن بننے کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں، اگر آپ:

- کرایہ دار ہیں، اور آپ کو مکان خالی کرنے کا نوٹس دیا جاچکا ہے۔
- مکان کی تلاش میں ہیں، اور آپ کا اِس ملک میں رہنا ایمگریشن کے کنٹرول میں ہے۔
- مکان کی تلاش میں ہیں، اور ہاؤنسلو کونسل کی شراکت داری کی کونسلوں میں رہائش پذیر ہیں۔

اگر آپ کے حالات و واقعات اِس طرح کی صُورتِ حال سے دوچار ہیں، تو ہم آپ کو تحریری طور پر لکھ کر وجہ بیان کریں گے کہ آپ کو لوکاٹا کی فہرست میں کیوں نہیں رکھا گیا ہے۔ ہم یہ کام آپ کا درخواست فارم وصول ہونے کے دس دفتری دِنوں کے اندر اندر کرتے ہیں۔

## لوکاٹا کی سکیم کا ممبر/ رکن ہونا

جب آپ لوکاٹا کی سکیم کے رکن/ممبر بن جائیں گے، تو ہم آپ کو بھیجیں گے:

**ایک لوکاٹا فری شیٹ** (لوکاٹا کی سکیم کا بلا معاوضہ اخباری پرچہ)

یہ اخباری پرچہ ہر پندرہ دن کے بعد جاری کیا جاتا ہے، اور عام طور پر ہر دوسرے جمعہ کو دستیاب ہوتا ہے۔ پہلا پرچہ آپ کو بھیجا جاتا ہے، اور اُس کے بعد آئندہ کیلئے آپ کو خود ہمارے بنے ہوئے پِیک اپ پوائنٹس (جہاں سے آپ یہ پرچہ حاصل کرسکیں) پر سے حاصل کرنا ہوتا ہے، جیسا کہ مقامی ہاؤسنگ کے دفاتر اور لائبریریاں۔

اِس اخباری پرچے کی پست پر مہیا شدہ پِیک اپ پوائنٹس کی فہرست دی گئی ہوتی ہے۔ آپ یہ پرچہ انٹرنیٹ سے بھی حاصل کرسکتے ہیں، ایڈریس یہ ہے، www.locata.org

آپ یہ پرچہ ڈاک کے ذریعے حاصل کرنے کے بارے میں بھی پوچھ سکتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو اِس کیلئے کچھ معاوضہ ادا کرنا پڑے، جو کہ ڈاک کا خرچ اور دوسرے انتظامی امور کیلئے ہوتا ہے۔ اِس بات کا انتظام کس طریقے سے کیا جاسکتا ہے، اِس کی تفصیلات ''یوزر گائیڈ'' (استعمال کرنے والے کیلئے رہنما کتابچہ) میں مل جائیں گی۔

## بِڈ کرنے کیلئے کُوپنز اور لفافے

آپ کو بِڈ کرنے کیلئے ڈاک کے ذریعے کُوپنز بھیجے جائیں گے۔ اُن کُوپنز کے اوپر ''لوکاٹا کا ہر کسی کیلئے انفرادی طور پر لِن (LIN) نمبر درج ہوتا ہے، تا کہ یہ کُوپنز کوئی اور شخص استعمال نہ کر سکے۔ آپ بذریعہ ٹیلیفون، ایس ایم ایس موبائل پر بذریعہ ٹیکسٹ میسیج یا انٹرنیٹ کے ذریعے بھی بِڈ کر سکتے ہیں۔ یہ سب کیسے کیا جاتا ہے، اِس کی تفصیلات ''یوزر گائیڈ'' میں بیان کی گئی ہیں۔

## جب مجھے میرا پیک موصول ہوگا، تو تب مجھے کیا کرنا ہے

آپ یہ پیک بڑی احتیاط سے پڑھیں، اور اِس بات کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر لیں کہ اِس میں دی گئی تمام معلومات درست ہیں۔ لِن (LIN) نمبر کو کسی کاغذ پر لکھ کر محفوظ کر لیں۔
اگر آپ یہ سمجھیں کہ اِس پیک میں دی گئی کوئی چیز غلط ہے، تو بلا جھجک ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کرایہ دار ہیں، تو اِس صُورت میں اپنے مقامی ہاؤسنگ ہومز کے ایریا آفس سے رابطہ کریں، اگر آپ گھر تلاش کرنے والوں میں سے ہیں، تو ''ری ہاؤسنگ یونٹ'' سے رابطہ کریں، اور اگر آپ نے بے گھر ہونے کے ناطے گھر کیلئے درخواست دے رکھی ہے، تو اپنے ''کیس ورکر'' یعنی جس کے پاس آپ کا کیس ہے، اُس سے رابطہ کریں۔ ہم کوشش کریں گے کہ آپ کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کا جواب فون پر ہی دے سکیں۔

لیکن اگر آپ ایسا نہیں کر پائیں گے، تو پھر ہم اِس بات کا انتظام کریں گے کہ ہمارے دفتر میں یا آپ کے گھر پر مل کر آپ کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیا جائے۔ جب آپ اِس سلسلے میں ہم سے رابطہ کریں گے، تو اُس کے دس دفتری دنوں کے اندر اندر ہم آپ سے ملنے کا انتظام کریں گے۔
اِس کے بعد آپ گھر کیلئے بِڈنگ (بولی لگانے) کیلئے تیار ہیں۔

## بِڈنگ (بولی لگانا)

آپ ''لوکاٹا'' کے اخباری پرچے میں دیئے گئے 3 مکانوں کیلئے بِڈ کر سکتے ہیں۔ ہر اخباری پرچے کے صفحہ اوّل پر ''ڈیڈ لائن'' یعنی بِڈنگ ختم ہونے کی آخری تاریخ شائع کی جاتی ہے۔ دی گئی تاریخ تک وصول نہ ہونے والی بِڈنگ کو شامل نہیں کیا جاتا، لہٰذا اگر آپ نے بذریعہ ڈاک بِڈ کرنے کا انتخاب کریں گے، تو اِس بات کو مدِ نظر رکھیں کہ اِس کیلئے اتنا وقت ضرور ہو کہ آپ کے کُوپنز ہمارے ''لوکاٹا'' کے دفتر میں آسانی سے پہنچ جائیں۔

پیک میں دیئے گئے خط کے حوالے سے، اِس بات کا خیال رکھیں کہ آپ نے درست سائز کے گھر کیلئے بِڈ کیا ہے، اور اِس کے ساتھ دی گئی سکیم گائیڈ کو اچھی طرح پڑھ لیں، اور اِس بات کا بھی اطمینان کر لیں کہ گھروں کے اشتہارات میں دیئے گئے سیمبلز (مختلف نشانات) کو آپ اچھی طرح سمجھتے ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ شروع شروع میں آپ کو یہ نشانات کی سمجھ نہ آئیں، لیکن اگر آپ کو اِس سلسلے میں مدد چاہیئے، تو براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں۔

ہم آپ کے گھر پر یا اپنے دفتر میں اِس بات کا انتظام کریں گے کہ آپ کو اچھی طرح بیان کر سکیں کہ آپ نے بِڈنگ کیسے کرنی ہے۔ جب آپ اِس سلسلے میں ہم سے رابطہ کریں گے، تو اُس کے دس دفتری دنوں کے اندر اندر ہم یہ کام کریں گے۔

اگر آپ چاہیں، تو انٹرویو کے دوران اپنے کسی دوست یا عزیز رشتہ دار کو اِس میں شامل کر سکتے ہیں۔

بعض اوقات بہت ہی محدود قسم کی صُورتِ حال میں ایسا ہوسکتا ہے کہ ہم آپ کیلیئے ''لوکاٹا سکیم'' سے ہٹ کر گھر کا انتظام کرسکیں، براہِ کرم اِس کیلیئے صفحہ نمبر 11 پر دیئے گئے سکیشن ''خاص انتظامات'' کو دیکھیں۔

ایسے زیادہ تر گھر جن کے اشتہار اخباری پرچے میں دیئے جاتے ہیں، وُہ صرف اُن کرایہ داروں/گھر تلاش کرنے والوں کیلیئے ہوتے ہیں، جو اُس کونسل کے علاقے میں رہتے ہوں، جہاں کے گھر اشتہارات میں بِڈ کرنے کیلیئے شامل کئے جاتے ہیں۔ بہرحال 10 میں سے ایک گھر ایسا ہوتا ہے، جس کیلیئے ہر کوئی بِڈ کرسکتا ہے، اور اِسے ''کراس بَرا'' کہا جاتا ہے، یعنی جس بَرا کونسل میں آپ رہتے ہیں، اُس کے علاوہ دوسری بَرا کونسل میں مکان کیلیئے بِڈ کرسکتے ہیں۔

یہ مکانات اِس اخباری پرچے کے الگ صفحے پر دیئے جاتے ہیں۔ براہِ کرم اِس بات کا اچھی طرح اطمینان کرلیں کہ آپ صرف اُن ہی گھروں کیلیئے بِڈنگ کریں، جن کیلیئے آپ اہلیت رکھتے ہیں، ورنہ آپ کی بِڈ کو منظور نہیں کیا جائے گا۔

جب بِڈنگ کی ''ڈیڈلائن'' یعنی آخری تاریخ گزر جاتی ہے، تو اُس کے بعد بِڈنگ میں حصّہ لینے والوں کی بِڈ کے مطابق مرکزی طور پر ''لوکاٹا'' کے دفتر میں کاروائی کی جاتی ہے۔

جن ممبران نے بِڈ میں حصّہ لیا ہوتا ہے، اُن کی بِڈ کو واپس اُن کی بَرا کونسل میں بھیج دیا جاتا ہے، ہم اِن فہرستوں کو ہم ''سارٹ لسٹس'' کرنا کہتے ہیں، یعنی کون سے امیدوار اِس بِڈ میں خوش نصیب ہوسکتے ہیں۔

## کیا آپ کی تفصیلات درست ہیں؟

یہ بےحد ضروری ہے کہ ہم اِس بات کا اچھی طرح اطمینان کرلیں کہ آپ کی جو تفصیلات/معلومات ہمارے پاس موجود ہیں، وُہ بالکل درست ہیں، لہٰذا ہم آپ کو کسی مکان کی آفر دینے (پیشکش کرنے) سے پہلے آپ کے درخواست فارم کو اچھی طرح سے ''چیک'' کرتے ہیں۔

جس کا مطلب یہ ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ہم آپ کے گھر پر ملنے کیلیئے آئیں، تاکہ اِس بات کی تصدیق کرسکیں کہ جب آپ نے درخواست دی تھی، تب سے اب تک آپ کی تفصیلات/معلومات ویسی ہی ہیں۔ دوسری صُورت میں یہ ہوسکتا ہے کہ ہم آپ کو اپنے دفتر میں اِس مقصد کیلیئے آنے کو کہیں۔

''سارٹ لسٹس'' کی تفصیلات موصول ہونے کے 2 دفتری دنوں کے اندر اندر ہم ایسا کرنا چاہیں گے۔ اِس کیلیئے یہ بےحد ضروری ہے کہ تب آپ گھر پر ملاقات یا دفتر میں ملنے کیلیئے فوری طور پر تیار ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ اِس موقع پر ہمیں آپ کے کاغذات جیسا کہ پیدائش کا سرٹیفیکیٹ وغیرہ دیکھنے کی ضرورت پیش آئے، لہٰذا آپ یہ کوشش کریں کہ ایسے کاغذات آپ اُس وقت مہیا کرسکیں۔

## پیشکش کرنا

جب ایک مرتبہ آپ کی صُورتِ حال کے بارے میں چیک کرلیا جائے گا، تو آپ کو باقاعدہ طور پر گھر کی پیشکش کردی جائے گی۔

گھروں کو جلد از جلد کرایہ پر اُٹھانے کیلیئے، ہم عام طور پر تین رہائشی امیدواروں کو دعوت دیتے ہیں کہ وُہ آکر گھر کو دیکھ سکیں۔

آپ کے آفر لیٹر (پیشکش کا خط)، میں یہ بتایا جائے گا کہ آپ پہلے، دوسرے یا تیسرے نمبر کی اہلیت رکھتے ہیں، ہم ہمیشہ سب سے زیادہ اہلیت والے کیس کو اہمیت دیتے ہیں، لیکن اگر وُہ پیشکش کو قبول نہ کریں، تو پھر دوسرے اور تیسرے نمبر کی اہلیت والوں کو کرایہ داری کے معاہدے کی پیش کش کی جاتی ہے۔

آپ کو مکان دیکھنے کیلئے وقت اور تاریخ بتا دی جاتی ہے، آپ کو وہاں پر خود سے سفر کر کے جانا ہوگا، اور جب آپ وہاں پر پہنچیں گے، تو آپ کو ہمارا کوئی ہاؤسنگ آفیسر ملے گا، جو آپ کو وُہ مکان دیکھائے گا، اور اگر آپ کوئی مرمتوں یا کرایہ وغیرہ کے متعلق سوالات پوچھیں گے، تو اُن کے جواب بھی دے گا۔

جب آپ مکان دیکھیں گے، تو اُس مکان کو قبول کرنے کے فیصلے کے بارے میں ہم آپ کی حوصلہ افزائی کریں گے، لیکن اگر آپ اُس وقت فیصلہ نہیں کر پائیں گے، تو ہم آپ کو مکان دیکھنے کے بعد 24 گھنٹوں کا وقت دیں گے، تا کہ آپ اچھی طرح فیصلہ کر سکیں۔

اِس سلسلے میں آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر اندر ہم سے رابطہ کرنا ہوگا، ورنہ ہم یہ سمجھیں گے کہ آپ اِس مکان کو لینا نہیں چاہتے ہیں، اور پھر کسی اور کو اِس مکان کی پیش کش کر دی جائے گی۔

اگر آپ اِس مکان کو لینا نہیں چاہیں گے، تو آپ انکار کر سکتے ہیں، لیکن براہ کرم اِس بات کے بارے میں بڑی احتیاط سے سوچ لیں . . . . . کہ دوبارہ آپ کی بِڈ کی کامیابی ہونے میں بہت سا وقت لگ سکتا ہے۔

**فیڈ بیک** (کسی چیز کے بارے میں خیالات/ رائے کا اظہار کرنا)

کیونکہ ہمارے لوکاٹا کے ممبران کی تعداد، مہیا شدہ گھروں کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے، ہم ہر کسی کو فوری طور پر مکان کی پیش کش نہیں کر سکتے ہیں۔ حقیقاً بہت سے لوگوں کو گھر ملنے کیلئے کافی دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔

''لوکاٹا'' کے اخباری پرچے کی پست پر آپ کامیاب ہونے والے امیدواروں کے ''بینڈ'' اور انتظار کرنے والے وقت کی فہرست دیکھ سکتے ہیں۔

اِس بات کو یاد رکھیں کہ مکانوں اور اُن گھروں کیلئے جن کے اپنے پرائیویٹ یعنی نجی گارڈن ہوتے ہیں، وہ بِڈ کرنے والوں کی ایک بڑی تعداد کیلئے کشش کا باعث ہوتے ہیں۔

ہم آپ کو دوسرے ممکنا قسم کے حقِ انتخاب کے بارے میں بتا سکتے ہیں، جو آپ کیلئے کوئی نیا گھر تلاش کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

براہِ کرم اگلے صفحے پر شروع ہونے والے سیکشن کو دیکھیں، جو کہ مزید حقِ انتخاب کے بارے میں ہے۔

## خاص انتظامات

اگر آپ ایک کرایہ دار ہیں، اور غیر معمولی مسائل کا شکار ہیں، جیسا کہ گھریلو تشدد یا ہراسانی، تو اُس صُورت میں ہوسکتا ہے کہ ہم آپ کیلئے کوئی خاص انتظامات کریں، تا کہ ہم جلد از جلد آپ کو وہاں سے منتقل ہونے میں مدد کرسکیں۔

ایسی صُورتِ حال میں یہ بہت ضروری ہے کہ آپ ہم سے جلد از جلد بات کریں، تا کہ ہم آپ سے اِس کے بارے میں بات چیت کرسکیں کہ اِس سلسلے میں کیا کیا اقدامات کئے جاسکتے ہیں۔ ہمیں فون کریں، یا آپ ہمارے دفتر تشریف لائیں۔ ہم آپ کو اِس بات کی یقین دہانی کراتے ہیں، اُس وقت فوری طور پر آپ کا انٹرویو کیا جائے گا۔ اگر آپ چاہیں گے، تو ہمارے عملے کا ممبر انٹرویو کرنے والا/ والی، آپ کی خواہش کے مطابق، اُسی جنس سے تعلق رکھنے والا/ والی ہوگا/ ہوگی، جس جنس سے آپ کا تعلق ہے، براہِ کرم اِس کے بارے میں ہمیں ضرور بتائیں۔

ہوسکتا ہے کہ آپ کو '' مینیجمنٹ ٹرانسفر '' یعنی فوری طور پر منتقل کرنے والا آفیسر ، سے رجوع کرنے کیلئے کہا جائے ۔ یہ ہنگامی صُورتِ حال میں آپ کو فوری طور پر ''ری ہاؤسنگ'' یعنی دوبارہ گھر دلانے میں مدد کرتے ہیں۔ کوئی ہاؤسنگ آفیسر آپ کو اِس کے طریقۂ کار کے بارے میں بیان کرے گا، اور اگر مناسب ہوا تو آپ کا کیس اپنے سینئر سٹاف کے پینل کے سامنے پیش کرے گا۔

یہ سب اِس بات پر منحصر ہے کہ جو معلومات ہمیں درکار ہوں گی، آپ ہمیں وہ مہیا کریں گے، پھر ہم 15 دفتری دنوں کے اندر اندر ایسا کرپائیں گے۔

اگر آپ کی کوئی خاص ضرورتیں ہوں گی، جیسا کہ سنگین قسم کا طبّی /صحت کا مسئلہ اور آپ کا گھر زیادہ افراد کیلئے بُری طرح سے تنگ ہو، تو ہوسکتا ہے کہ اِس قسم کی صُورتِ حال میں ہم آپ کو سوشل ویلفیئر پینل سے رجوع کرنے کیلئے کہیں۔

## نئے گھر میں منتقل ہونے کیلئے کچھ اور حقِ انتخاب

### ''ہوم سوآپ'' یعنی آپس میں گھر تبدیل کرنا

اگر آپ کونسل کے کرایہ دار ہیں، یا آپ کے پاس کرایہ داری کا مستقل معاہدہ ہے، جیسا کہ کسی دوسری کونسل کے علاقے میں یا کسی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے کسی اور سوشل (سماجی) مالک مکان کے ساتھ اشورڈ ٹیننسی (یقین دہانی کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ) ہو، تو اُس صُورت میں آپ ''ہوم سوآپ'' کرسکتے ہیں۔ اِس چیز
کو ''میوچل ایکسچیج '' یعنی دو پارٹیوں کی رضامندی سے گھروں کی تبدیلی کرنا، بھی کہا جاتا ہے۔
جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کسی دوسرے گھر کے رہنے والے لوگوں کے ساتھ مکان بدل سکتے ہیں۔ بعض اوقات اِس طرح کی صُورتِ حال میں دو سے زیادہ گھروں کے رہنے والے لوگ اِس میں شامل ہوتے ہیں۔
''ہوم سوآپ'' کی سکیم میں رجسٹرڈ ہونے کیلئے آپ کو ایک فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی، آپ یہ درخواست فارم ہاؤنسلو ہومز کے ایریا آفس سے حاصل کرسکتے ہیں۔

### ''لان سکیم'' (Lawn Scheme)

اِس سکیم کے تحت آپ کو یہ موقع ملتا ہے کہ آپ لنڈن سے دور کہیں جا کر رہ سکتے ہیں۔ مقامی کونسلیں، ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز اور اِس سکیم کیلئے گھروں کی دستیابی اِس سکیم میں شامل ہوتی ہیں۔ اِس سکیم کے تحت گارڈن والے گھر، لنڈن میں موجود گارڈن والے گھروں سے کہیں زیادہ جلدی سے مل جاتے ہیں، لیکن یہ تمام گھر لنڈن سے دور دراز کے فاصلے پر ہوں گے، مثال کے طور پر، مڈلینڈز، سکاٹ لینڈ اور ویلز وغیرہ۔

لیکن یہ بہت ضروری بات ہے کہ آپ اِس بات کا پوری طرح اطمینان کرلیں کہ واقعی آپ یہاں سے منتقل ہونا چاہتے ہیں، کیونکہ اگر ایک دفعہ آپ یہاں سے کسی اور جگہ پر منتقل ہوگئے اور بعد میں

آپ کووہ جگہ پسند نہیں آتی، تو آپ کیلئے لنڈن میں واپس منتقل ہونا بہت مشکل ہوجائے گا۔

اگر آپ یہاں سے منتقل ہونا چاہتے ہیں، تو براہِ کرم اپنے ایریا ہاؤسنگ آفس کوفون کریں، اور وُہ آپ کو اِس سکیم کے متعلق تمام معلومات بھیج دیں گے۔
اِس کے علاوہ آپ انٹرنیٹ کے ذریعے لان (LAWN) ویب سائٹ پر بھی جاسکتے ہیں، جس کا ایڈریس یہ ہے،
www.lawn.org.uk

## ''ٹریڈنگ پلیسز'' (Trading Places)

یہ سکیم اُن کرایہ داروں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، جن کے گھروں میں کچھ کمرے فالتو ہوتے ہیں، جن کی انہیں کوئی مزید ضرورت نہیں ہوتی ہے اور وُہ چاہتے ہیں کہ کسی چھوٹے گھر کیلئے '' ٹریڈ ڈوان'' کرلیں، یعنی بڑے گھر سے چھوٹے گھر میں منتقل ہوجائیں، اور جب ہم اُن کا پہلا گھر لے لیں، تو اُس کے بدلے میں انہیں ایک یک مشت رقم مل جائے۔ اِس کی مزید معلومات اور درخواست فارم کیلئے براہِ کرم آپ اپنے مقامی ایریا ہاؤسنگ آفس سے رابطہ کریں۔

## ''شلٹرڈ ہائوسنگ'' (Sheltered Housing)

60 سال کی عمر سے اوپر کے لوگوں کیلئے بَرا کونسل کے تمام علاقے میں بہت سی سکیمیں موجود ہیں، جو کہ انہیں خود مختار/آزادانہ طور پر زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ اور اِس کے ساتھ ساتھ انہیں شلٹرڈ سکیم مینیجر کی سہولت بھی ملتی ہے۔ اِس سکیم کے بارے میں تفصیل سے بات چیت کرنے کیلئے اپنے علاقے کے ہاؤسنگ آفس سے رابطہ کریں۔

## مفید رابطے

### ہاؤنسلو ہومز

**سینٹرل ایریا (مرکزی علاقہ)- ہاؤنسلو اینڈ آئزل ورتھ/ہیسٹن اینڈ کرینفورڈ**

**Central Area - Hounslow & Isleworth/Heston & Cranford**

Tel: 020 8583 4382
Minicom: 020 8583 3959

دی سیوک سنیٹر، لیمپٹن روڈ، ہاؤنسلو، TW3 4DN

The Civic Centre, Lampton Road,
Hounslow TW3 4DN
Email: info.housingcentral@hounslowhomes.org.uk

**ایسٹ ایریا (مشرقی علاقہ)- چیزک اینڈ برینٹ فورڈ**

**East Area - Chiswick & Brentford**

Tel: 020 8583 4220
Minicom: 020 8583 4390

چیزک ٹاون ہال، ہیتھ فیلڈ ٹریس، چیزک، W4 4JE
یا 59 - 58 برینٹ فورڈ ہائی سٹریٹ، برینٹ فورڈ، TW8 0AH

Chiswick Town Hall, Heathfield Terrace
Chiswick W4 4JE
or 58 - 59 Brentford High Street,
Brentford, TW8 0AH
Email: info.housingeast@hounslowhomes.org.uk

**ویسٹ ایریا (مغربی علاقہ)- ہینورتھ، بیڈفونٹ اینڈ فلتھم**

**Wast Area - Hanworth Bedfont & Feltham**

Tel: 020 8583 4383
Minicom: 020 8583 4387

سینٹ کتھریز ہاؤس، 2 ہینورتھ روڈ، فلتھم، TW13 5AB

St Catherine's House,
2 Hanworth Road
Feltham TW13 5AB
Email: info.housingwest@hounslowhomes.org.uk

## لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو

**ہوم لِس پرسن یونٹ**

دی لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو، سیوک سنیٹر، لیمپٹن روڈ، ہاؤنسلو، TW3 4DN

The London Borough of Hounslow,
Civic Centre, Lampton Road,
Hounslow TW3 4DN

**ری ہاؤسنگ یونٹ**

دی لنڈن بَرا آف ہاؤنسلو، سیوک سنیٹر، لیمپٹن روڈ، ہاؤنسلو، TW3 4DN

The London Borough of Hounslow,
Civic Centre, Lampton Road,
Hounslow TW3 4DN

اگر آپ گھر کی تلاش کرنے والوں میں سے ہیں، تو اِس نمبر فون کریں، نمبر یہ ہے، 020 8583 4525

## آپ کے رابطے (فون نمبر اور ایڈریس وغیرہ)

...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................
...........................................................................................................................................